REPUBLIKA SLOVENIJA
URAD VLADE RS ZA OSKRBO IN INTEGRACIJO MIGRANTOV
SEKTOR ZA SPREJEM IN OSKRBO

Cesta v gorice 15,
1000 Ljubljana

# مہاجر کیمپ میں رہائش بارے بنیادی معلومات

مہاجر کیمپ میں مختلف نسلوں اور قومیتوں سے تعلق رکھنے والے، مختلف جنسوں، مختلف عمروں، مختلف سیاسی عقائد رکھنے والے، مختلف ثقافتوں اور کردار کے حامل لوگ رہائش پذیر ہیں۔ اس تناظر میں باہمی طور پر مل جل کر رہنے کے لیے ہم آپ سے بہتر طور پر باہمی افہام و تفہیم اور رواداری اور مہاجر کیمپ میں رہائش کے قواعد وضوابط کے احترام کی درخواست کرتے ہیں۔

## مہاجر کیمپ میں داخل ہونا اور باہر جانا (آنا اور جانا)

سیاسی پناہ کے درخواست گزار کو جاری کردہ شناختی کارڈ کے ساتھ ہی کیمپ میں داخل ہوا اور باہر نکلا جا سکتا ہے۔

(مندرجہ ذیل اوقات میں مہاجر کیمپ میں داخل ہوا اور باہر نکلا جا سکتا ہے)

- پیر سے جمعرات **صبح 6 بجے سے رات 11 بجے تک** اور **جمعہ، ہفتہ، اتوار اور عام تعطیلات میں صبح 1 بجے تک**
- کسی سرپرست کے بغیر نابالغ بچے **پیر سے جمعہ صبح 6 بجے سے رات 9 بجے تک** اور **ہفتہ، اتوار اور چھٹی کے دن رات 10 بجے تک**

کیمپ سے باہر نکلنے پر آپ کو اپنے کمرے کی چابیاں استقبالیہ پر دے کر اپنا کارڈ حاصل کرنا ہوگا اور کیمپ میں واپسی پر داخل ہوتے ہوئے آپ کو کارڈ واپس کر کے چابی لینا ہوگی۔ اگر آپ بغیر اجازت نامہ مہاجر کیمپ سے باہر رات گزارتے ہیں، تو اگلے مہینے آپ کو جیب خرچ کی رقم ادا نہیں کی جائے گی۔
اگر آپ سیکورٹی گارڈ کی طرف سے تلاشی سے انکار کرتے ہیں، تو آپ کو اندر اور باہر جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

متعلقہ اہلکار کمروں میں رہائش پذیر افراد کی موجودگی کی جانچ کریں گے (حاضری لگائی جائے گی) اس دوران واضح طور پر شناخت کو ظاہر کیا جانا چاہیے (یعنی وقت شناخت چہرہ صاف نظر آنا چاہیے)۔

## رات کا نظم وضبط اور آرام کا وقت

رات دس بجے سے صبح چھ بجے (22:00-06:00) کے درمیان کا وقت سکون اور آرام کا ہے۔ اس دوران آرام وسکون میں خلل ڈالنے والی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہے۔

## مہاجر کیمپ میں نقل و حرکت، قیام اور مہمان

**ہفتے میں ایک بار کمروں کا حفظان صحت کو مدنظر رکھ کر معائنہ کیا جاتا ہے۔** یہ مہاجر کیمپ کے طبی عملہ، سماجی کارکن یعنی سوشل ورکر اور سیکورٹی کے شعبہ کے ساتھ مل کر سرانجام دیا جاتا ہے۔

**چھوٹے بچوں کی نقل و حرکت۔** والدین یعنی سرپرستوں کو اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ بچے ان کی توجہ کے بغیر حرکت نہ کریں۔ اسکول نہ جانے والے بچے کھانے کے کمرے میں صرف اپنے والدین یا سرپرستوں کے ساتھ داخل ہو سکتے ہیں۔ 10 سال سے کم عمر کے بچے اپنے والدین یا سرپرستوں یا قانونی سرپرستوں کی تحریری رضامندی کے ساتھ ہی مہاجر کیمپ سے نکل سکتے ہیں۔

**کمروں کی تبدیلی کی اجازت صرف سوشل ورکر یعنی سماجی کارکن کی منظوری سے ممکن ہے۔** وہ رہائشی بلاک جہاں آپ رہائش پذیر نہیں ہیں آپ وہاں صرف تفریحی سرگرمیوں کے انعقاد کی صورت میں، اگر مہاجر کیمپ کے کسی سماجی کارکن سے ملنا مقصود ہو یعنی سماجی کارکن کی طرف سے دی گئی اجازت کی بنا پر جا سکتے ہیں۔

**مہاجر کیمپ کے نوٹس بورڈز پر آویزاں اوقات کے مطابق رہائش پذیر افراد سے مہمانوں کو ملاقات کی اجازت ہے۔** مہمانوں کو ملنے کی اجازت صرف مہاجر کیمپ کے سماجی کارکن کی طرف سے **پہلے سے جاری کردہ اجازت نامہ** کے ساتھ ہی ممکن ہے۔

**درخواست گزاروں کو ملنے کی اجازت نہیں ہوگی،** تاہم، ان کے قانونی نمائندے اور قانونی سرپرست ان کو مل سکتے ہیں۔ سرکاری اہلکار، سیکورٹی گارڈ کے ساتھ مل کر اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے کمروں میں داخل ہونے کا حق رکھتے ہیں۔

## لوبلیانا LJUBLJANA میں نقل و حرکت۔




لوبلیانا Ljubljana میں بسوں میں سفر کے لیے، آپ کو Urbana کارڈ کی ضرورت ہے (جو تصویر میں دیکھایا گیا ہے)۔ مختلف اداروں تک رسائی کے لیے (یعنی ڈاکٹر، اسکول، وغیرہ)، یہ کارڈ آپ کو مہاجر کیمپ کی طرف سے فراہم کیا جائے گا۔ یہ کارڈ آپ کو استعمال کے بعد واپس کرنا ہوگا۔

آپ خصوصی آٹومیٹک مشینوں، نیوز ایجنٹس یا پٹرول اسٹیشنوں پر اربانا Urbana کارڈ خرید سکتے ہیں۔ آپ کارڈ میں پیسے ٹاپ اپ کروائیں یعنی کریڈٹ ڈالیں جس کو آپ بس میں سفر کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ **اگر آپ بس میں سوار ہوتے ہیں اور آپ کے پاس ٹاپ اپ کیا ہوا Urbana نہیں ہے (یعنی کہ اس میں پیسہ نہیں ہے) تو، متعلقہ ادارہ کی طرف سے آپ کے خلاف کاروائی ہو گی اور آپ پر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔**

## طبی دیکھ بھال

مہاجر کیمپ میں قیام کے دوران آپ کو طبی دیکھ بھال کا حق حاصل ہے۔ بیماری کی صورت میں اپنے سماجی کارکن کو اپنی صحت کے مسائل سے آگاہ کریں، جو آپ کو طبی عملے کے پاس بھیجے گا۔ ہفتے میں ایک بار نفسیاتی مسائل کے لیے بھی مدد دستیاب ہے۔

## نوٹس بورڈ

مہاجر کیمپ کے ہر شعبے میں ایک نوٹس بورڈ ہے جہاں آپ کو درج ذیل معلومات دستیاب ہیں۔

- نظام الاوقات اور اسکی تفصیل (کھانے کے اوقات، سٹور کھولنے کے اوقات، بستر کی چادروں کی تبدیلی، کورسز، دیگر سرگرمیاں)
- **مہاجر کیمپ کے قواعد وضوابط**
- **دیگر اہم معلومات**

## سماجی کارکن / سوشل ورکر

ہر شعبہ میں آپ کو نفسیاتی سماجی مدد فراہم کرنے کے لیے سماجی کارکن موجود ہے۔ (زندگی کے مشکل حالات میں مدد، ذاتی مسائل اور معاشرے میں انضمام سے متعلق مسائل کو حل کرنے میں مدد دینے کے لیے)۔ سماجی کارکن آپ کے مہاجر کیمپ میں قیام سے متعلق سوالات میں مدد کرتا ہے۔ (کپڑے، اجازت نامے، خوراک، رہائش، مہاجر کیمپ کے قواعد، طبی دیکھ بھال وغیرہ)۔ سماجی خدمت کے **دفتری اوقات مہاجر کیمپ کے نوٹس بورڈز پر آویزاں کیے گئے ہیں۔** ہفتہ، اتوار اور عام تعطیل کے دن دفتری اوقات نہیں ہوتے۔ (ہفتہ، اتوار اور عام تعطیل کے دنوں میں سماجی کارکن کام نہیں کرتے۔)

## مہاجر کیمپ کے قواعد وضوابط

مہاجر کیمپ میں رہائش پذیر افراد کے لے ضروری ہے کہ

- ذاتی حفظان صحت اور رہنے کی جگہ کی صفائی کا خیال رکھنا؛
- اپنے کمروں کو روزانہ کی بنیاد پر صاف کرنا، انہیں ہفتے میں کم از کم ایک بار اچھی طرح صاف کرنا اور صفائی کی نگرانی کے قابل بنانا؛
- مشترکہ جگہوں اور بیت الخلاء کو صاف ستھرا رکھنا؛
- مشترکہ جگہوں اور آلات کو پہنچنے والے نقصان کی اطلاع مہاجر کیمپ کے سماجی کارکن کو دینا؛
- کھانے کے اوقات اور دیگر سرگرمیوں کے نظام الاوقات پر عمل کرنا؛
- کسی متعدی بیماری (یعنی ایسی بیماری جو آپ سے کسی کو آگے لگ سکتی ہو) کے شبہ کی صورت میں سماجی کارکن یا مہاجر کیمپ کے طبی عملے کو مطلع کرنا؛
- کوڑا کرکٹ کی علیحدگی سے متعلقہ قانونی ہدایات کی تعمیل؛
- محکمہ جاتی رسائی اور حقوق کے استعمال کے لیے جاری کردہ اربانا کارڈز Urbana واپس کرنا؛
- مہاجر کیمپ آمد پر درخواست گزار کا شناختی کارڈ استقبالیہ پر دینا؛
- بطور والدین بچوں پر نظر رکھنا؛
- کوڑا کرکٹ کو اس کی مخصوص جگہ پر ٹھکانے لگانا؛
- ضروری سینیٹری اور جراثیم کش اقدامات کی اجازت دینا اور ان پر عمل درآمد کرنا؛
- مہاجر کیمپ کی اشیا کو خراب ہونے اور نقصان سے بچانا۔
- پانی اور بجلی کا اقتصادی طور پر استعمال یعنی ان کی بچت کرنا؛
- مہاجر کیمپ میں داخل ہونے پر سیکورٹی سروس کی درخواست پر سازوسامان کو دکھانا اور اس کمرہ کے معائنے کو ممکن بنانا جس میں رہائش پذیر ہیں؛
- شناختی کارڈ کے کھو جانے کی صورت میں مہاجر کیمپ کے سماجی کارکن کو فوری طور پر مطلع کرنا، جو رہائش پذیر شخص کو وزارت داخلہ کے ذمہ دار اہلکار کے پاس بھیجے گا، جو ان معاملات بارے ذمہ دار ہے؛
- شناختی کارڈ کی مدت میعاد کو بڑھانے کا خیال رکھنا؛
- لانڈری اور کپڑے مقررکردہ مخصوص حدود میں خشک کرنا؛
- سرکاری اہلکار کی طرف سے جاری کردہ ہدایات اور احکامات پر عمل کرنا۔

**<u>مہاجر کیمپ میں رہائش پذیر افراد اپنی چیزوں کی حفاظت کے خود ذمہ دار ہیں۔</u>** پیسوں اور قیمتی اشیا کو دفتری اوقات میں ادارہ کے ملازم جو مالیاتی امور کا ذمہ دار ہے کے حوالے کیا جاسکتا ہے۔ جو اس صورت میں رہائش پذیر شخص کو ایک سرٹیفکیٹ / رسید جاری کرے گا۔

مہاجر کیمپ کی حفاظت اور نظم ونسق کو یقینی بنانے کے لیے، مہاجر کیمپ کے احاطے میں **<u>درج ذیل چیزیں ممنوع ہیں:</u>**

- بغیر اجازت کھانے والے کمرہ سے کھانا، کٹلری اور برتن لے کر جانا۔
- کمروں میں موجودہ سازوسامان کی ترتیب کو تبدیل کرنا اور سامان کو ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں منتقل کرنا۔
- کمرہ کی دیواروں اور سازوسامان پر لکھنا، اسٹیکرز یا پوسٹرز لگانا۔
- عام مشترکہ جگہوں یا کمروں میں سگریٹ نوشی جہاں دوسرے لوگ موجود ہوں؛
- سائیکلوں اور نقل وحمل کی دیگر اشیا کو احاطے میں اس جگہ رکھنا جو اس مقصد کے لیے نہیں ہیں؛
- کسی بھی صورت میں نسلی، مذہبی، قومی، جنسی، سیاسی یا دیگر عدم برداشت کا اظہار کرنا؛
- کیمپ کے اہلکاروں، ساتھی رہائش پذیر افراد، ملاقاتیوں اور دیگر افراد کے ساتھ بدسلوکی کرنا یا پرتشدد رویہ رکھنا؛
- الکحل والے مشروبات پینا اور دیگر نشہ آور اشیاء کا استعمال کرنا؛
- خطرناک اور انتہائی آتش گیر مادے والی اشیاء رکھنا؛
- کیمپ حکام کے احکامات کی عدم تعمیل، جس سے رہائش کے گنجائش کے کام میں شدید خلل پڑتا ہو؛
- کیمپ میں حملہ، فرار یا مجرمانہ جرم کے لیے موزوں اشیاء تیار کرنا یا لانا؛
- جان بوجھ کر آگ، دھماکے یا دیگر قدرتی آفات سے تحفظ کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنا؛
- جان بوجھ کر سازوسامان کو نقصان پہنچانا؛
- کمرے میں دوسرے افراد کے رہائشی عمل میں رکاوٹ ڈالنا؛
- رہائشی حدود کے احاطے میں دیگر سرگرمیاں انجام دینا؛
- ادارہ کے ملازمین یا معاہدوں کی بنیاد پر ادارہ کے ساتھ تعاون کرنے والے افراد کے انٹرویوز ریکارڈ کرنا یا تصویر بنانا۔
- امن عامہ اور امن کی خلاف ورزی کرنا؛
- مختلف شعبہ جات میں بلاجواز فائر الارم کو متحرک کرنا؛
- بغیر اجازت ذاتی بجلی کے آلات استعمال کرنا۔
- اس احاطے میں کوئی بھی چیز لانے کی اجازت نہیں ہے جہاں درخواست گزاروں کو رکھا گیا ہے۔

**قبضہ شدہ الکحل مشروبات** اور قبضہ میں لی گئی دیگر اشیاء **مہاجرین کے کیمپ کو چھوڑنے کی صورت میں** رہائش پذیر شخص کی درخواست پر واپس کر دیا جائے گا۔

### <u>منصوبہ جات: کورسز، قانونی مدد، غیر سرکاری تنظیمیں</u>

مہاجر کیمپ میں انسانی ہمدردی اور غیر سرکاری تنظیمیں مختلف سرگرمیاں انجام دیتی ہیں:

- حقوق وفرائض، بین الاقوامی تحفظ یعنی سیاسی پناہ کی کاروائی اور قانونی امداد دینے کے متعلق معلومات
- سلووینین زبان کا کورس اور تدریس میں مدد
- سرپرست کے بغیر نابالغوں کے لیے خواندگی (تعلیم)
- نفسیاتی اور سماجی مدد
- دیگر تفریحی سرگرمیاں